SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

General Knowledge Grade 3

[Paper A: 20 Marks, Paper B: 30 Marks, Total: 50 Marks] , Time = 1 Hour 30 Minutes

School Name: ______________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: اگر کوئی شخص مناسب مقدار میں گوشت، سبزیاں، پھل، دودھ اور اناج کھا رہا ہے تو وہ ______ خوراک لے رہا ہے۔
(a) متوازن (b) غیر متوازن (c) آلودہ (d) چکنائی والی

سوال نمبر 2: جب کسی ساکن چیز پر قوت لگائی جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟
(a) یہ حرکت کرنے لگتی ہے (b) یہ ساکن ہی رہتی ہے
(c) یہ سست ہو جاتی ہے (d) یہ سمت تبدیل نہیں کرتی

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کون سا آلہ درختوں کو کاٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟
(a) پلاس (b) ہتھوڑی (c) پیچ کس (d) کلہاڑا

سوال نمبر 4: توانائی کا کون سا ذریعہ کھانا پکانے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
(a) سورج (b) پانی (c) قدرتی گیس (d) خام تیل

سوال نمبر 5: قدیم لوگ ہڈیوں کو ______ بنانے کے لیے استعمال کرتے تھے۔
(a) جھونپڑیاں (b) سڑکیں (c) جوتے (d) اوزار

سوال نمبر 6: کمپیوٹر ______ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
(a) حساب کتاب (b) نقل و حمل (c) چیزیں بنانے (d) شکار کرنے

سوال نمبر 7: اگر عوام اور حکومت مل کر کام کریں تو معاشرہ ہو سکتا ہے:
(a) تقسیم (b) تباہ (c) بہتر (d) بے ایمان

سوال نمبر 8: لوگوں کا گروہ جو اکٹھے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، کہلاتا ہے:
(a) افراد (b) خاندان (c) معاشرہ (d) جماعت

سوال نمبر 9: کچھ علاقوں میں پانی کی کمی کی بڑی وجہ ہے:
(a) شہری آبادی میں کمی (b) شہری آبادی میں اضافہ
(c) زیر زمین پانی کی کثرت (d) ضرورت سے زیادہ بارش

سوال نمبر 10: مندرجہ ذیل میں سے کون سی آفت انسانوں کی وجہ سے آتی ہے؟
(a) زلزلہ (b) سمندری طوفان (c) سیلاب (d) آگ لگنا

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11

i) سادہ مشین کی تعریف کریں۔ (2)

ii) آپ اپنے بلے سے اپنی طرف آتی ہوئی کرکٹ کی گیند کی سمت بدل سکتے ہیں۔ آپ بلے پر فورس لگا کر گیند کے ساتھ اور کیا کر سکتے ہیں؟ (3)

iii) کوئی سی پانچ سادہ مشینوں کے نام لکھیں۔ (5)

سوال نمبر 12

i) ایجاد سے کیا مراد ہے؟ (2)

ii) کمپیوٹر کے روزمرہ زندگی میں کوئی سے چار فوائد بیان کریں۔ (4)

iii) موبائل فون کے کوئی سے چار فوائد لکھیں۔ (4)

سوال نمبر 13

i) اختلاف سے کیا مراد ہے؟ (2)

ii) اختلاف کی کوئی سی چار وجوہات لکھیں۔ (4)

iii) اختلافات پر قابو پانے کے کوئی سے چار طریقے لکھیں۔ (4)